سوال

(330) کیا غیبت زنا سے بڑا گناہ ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سیدنا ابو سعید الخدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور سیدنا جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: غیبت زنا سے بھی سخت (گناہ) ہے۔ (مشکوۃ المصابیح: 4874) کیا یہ روایت صحیح ہے؟ (محمد محسن سلفی کراچی)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ روایت شعب الایمان (5/306 ح6741، دوسرا نسخہ ج9 ص99 ح6315 واللفظ لہ) میں:

"عباد بن كثير عن الجريري عن ابی نضرۃ عن ابی سعید وجابر بن عبداللہ" کی سند سے موجود ہے۔

عباد بن کثیر الثقفی البصری: متروک تھا۔ (دیکھئے تقریب التہذیب ص163)

احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے کہا: "روی احادیث کذب" اس نے جھوٹی حدیثیں بیان کی تھیں۔

سعید بن ایاس الجریری کا حافظہ آخری عمر میں خراب ہو گیا تھا۔ عباد ان کے پہلے شاگردوں میں سے نہیں تھا۔ خلاصہ یہ کہ یہ سند ضعیف ہے۔ (شہادت جون 2003ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔اصول، تخریج اور تحقیقِ روایات-صفحہ618